#PMforYouth

Aao Ker Dekhain

#HarFardKaKhayal

حکومت پاکستان

PRIME MINISTER'S YOUTH PROGRAM

پرائم منسٹر یوتھ پروگرام

# Prime Minister's YOUTH LOAN SCHEME

## BUSINESS & AGRICULTURE

# EMPOWERING YOUTH EMPOWERING PAKISTAN



BOP

THE BANK OF PUNJAB

#PMforYouth

دی بینک آف پنجاب #ہرفردکاخیال
#HarFardKaKhayal

# Prime Minister's Youth Business & Agriculture Loan Scheme (PMYB&ALS)

## Frequently Asked Question (FAQs)

Q: What is **Prime Minister's Youth Business & Agriculture Loan Scheme** (PMYB&ALS)?

A: Government of Pakistan has taken initiative to provide entrepreneurial opportunities to youth of Pakistan and for uplifting the essential SME & Agri sector by offering affordable loans under Prime Minister's Youth Business & Agriculture Loan Scheme (PMYB&ALS).

Q: What is the **Eligibility Criteria** for this loan facility?

A: i. All citizens of Pakistan holding CNIC, aged between 21 and 45 years with entrepreneurial potential are eligible.

ii. For IT/E-Commerce related businesses, the lower age limit will be 18 years and at least matriculation or equivalent education will be required.

Above age limit condition is applicable on individuals and sole proprietors. In case of all other forms of business including partnerships and companies, only one of the owners, partners or directors must be in the age bracket prescribed above.

iii. Small and Medium Enterprises (startups & existing businesses) owned by youth as per above mentioned age brackets are also eligible.

In case of agriculture, farmers' classification as per SBP's "Indicative Credit Limits & Eligible Items for Agriculture Financing 2020" will be applicable. (Available on SBP's website: https://www.sbp.org.pk/acd/2020/C1.pdf )

Q: What is the **Loan Size** that can be availed under this scheme?

A: The loan size that can be availed under this scheme is segregated into the following tiers:

**Tier 2 (T2):** Above Rs 0.5 million and upto Rs 1.5 million.

**Tier 3 (T3):** Above Rs 1.5 million and upto Rs 7.5 million.

Q: What **Type of Loans** can be availed under this scheme?

A: Term loans/working capital loans including leasing/financing of machinery & locally manufactured vehicles for commercial use. Upto 65% of total financing limit can be availed for Civil Works. For agriculture, production and development loans are eligible.

BOP
THE BANK OF PUNJAB

Q: Can more than one **Commercial Vehicles** be financed under this scheme?

A: Only one vehicle per borrower is allowed. A borrower in food franchise and distribution business may avail financing for more than one vehicle. Vehicle(s) financed under T2 & T3 to serve as collateral.

Q: What will be the **Tenor of Loan?**

A: **Tier2 & Tier 3:** Upto 8 years for long term/development loans with maximum grace period of upto one year. (Subject to banks policy on case to case basis) For working capital/production loans under T2 & T3, tenor will be upto 5 years.

Q: What is the **Equity Sharing Ratio** for new businesses?

A: For New Businesses:

**T2** - 90:10 **T3** - 80:20

Q: What is the **Equity Sharing** Ratio for existing businesses?

A: Nil for all tiers.

Q: In what form **Borrower's Contribution of Equity** will be required?

A: The Borrower's contribution of equity would be in the form of cash or immovable property and will be required after approval of loan.

Q: What is the **Mark-Up Rate?**

A: **For Tier 2 the markup rate: 5%**.

**For Tier 3 the markup rate: 7%.**

Q: What kind of **Security** is required for **Tier 2 Loan?**

A: Tier 2 is a Clean loan. It is secured only by personal guarantee of the borrower.

Q: What kind of **Security** is required for **Tier 3 Loan?**

A: As per banks policy.

Q: What is the **Maximum Number of Loans** that a customer can avail?

A: A customer may avail maximum two loans (including one long term and one short term loan) within overall maximum financing limit of Rs 7.5 million.

Q: What is the **Maximum Number of Agri Loans** that a customer can avail?

A: In case of agriculture, a customer may avail one production loan and one development loan within overall maximum financing limit of Rs 7.5 million.

**Q: Which Economic Sectors and Products are eligible for this program?**

A: All sectors and products. Moreover, in case of agriculture, all crop and non-crop sectors (including crop production, livestock, poultry, fishery, dairy etc.) are also eligible.

**Q: How will be the Application Form filled?**

A: Application form will be filled through designated online portal https://pmyp.gov.pk/

**Q: Is there any Early Settlement Charges?**

A: Nil. There are no early settlement charges.

**Q: What Processing Fees will I have to pay in order to avail this loan?**

A: The customer will have to pay one-time Non-refundable form processing fee will be Rs. 100/- inclusive of NADRA online CNIC verification fee.

**Q: What Other Charges will I have to pay in order to avail this loan?**

A: The customer will have to pay other charges as per Schedule of charges mentioned on BOP website.

**Q: Can Application for the loan be Declined/ Refused by BOP?**

A: Yes, the application can be turned down if customer is found to be violating the eligibility criteria, any overdue/ write-offs in ECIB, if DBR ratio is being breached due to excess leverage or customer fails to initiate pre disbursement formalities within given timeline.

**Q: What is the Frequency of Repayment of Loan?**

A: The frequency may be Monthly, quarterly & Half yearly.

**Q: What is the due date of the Monthly Payment?**

A: Payment is Due on 1st of every month.

**Q: Are there any Late Payment Charges in case of delay in depositing the monthly installment?**

A: PKR 1 per 1000 per day on the principal amount due as monthly installment from due date till actual payment date.

**Q: In case of Any Queries who should the customer contact?**

A: For general Queries/Complaints contact BOP Call Center 111-267-200.

#PMforYouth

Aao Ker Dekhain

#HarFardKaKhayal

حکومت پاکستان

PRIME MINISTER'S
YOUTH PROGRAM
پرائم منسٹر یوتھ پروگرام

# Prime Minister's YOUTH LOAN SCHEME

BUSINESS & AGRICULTURE

# بارزگار نوجوان
# خوشحال پاکستان



BOP
THE BANK OF PUNJAB

BOP Phone Banking: 111-267-200

www.bop.com.pk

# وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون سکیم (PMYB&ALS)

## پوچھے جانے والے عمومی سوالات (FAQs)

**سوال:** **پرائم منسٹر یوتھ بزنس اینڈا یگریکلچر لون سکیم (PMYB&ALS) کیا ہے؟**

**جواب:** حکومت پاکستان کی جانب سے نوجوانوں کو کاروباری مواقع فراہم کرنے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کیلئے پرائم منسٹر یوتھ بزنس اینڈا یگریکلچر لون اسکیم (PMYB&ALS) کے تحت رعایتی قرضہ جات فراہم کیے جائیں گے۔

**سوال:** **یہ سہولت حاصل کرنے کیلئے اہلیت کا معیار کیا ہے؟**

**جواب**

i: کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ رکھنے والے 21 سے 45 سال کے تمام پاکستانی شہری اور کاروباری صلاحیت کے حامل افراد۔

ii: آئی ٹی/ای- کامرس کے کاروبار کیلئے کم سے کم عمر کی حد 18 سال، تعلیم میٹرک یا مساوی تعلیم مطلوب ہے۔

عمر کی بالائی حد کی شرط افراد اور اکیلے مالکان پر لاگو ہوتی ہے۔شراکت داریوں اور کمپنیوں سمیت کاروبار کی دیگر تمام اقسام کے معاملے میں، مالکان، شراکت داروں یا ڈائریکٹرز میں سے صرف ایک کا درج بالا بیان کردہ عمر کے دائرے میں ہونا ضروری ہے۔

iii: چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (اسٹارٹ اپ اور موجودہ کاروبار) جو نوجوانوں کی ملکیت ہیں مذکورہ بالا عمر کی حد کے مطابق بھی اہل ہیں۔

زراعت کے معاملے میں، کاشتکاروں کی درجہ بندی اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی "اشاراتی کریڈٹ کی حدود اور ایگریکلچر فنانسنگ 2020 کے لیے اہل اشیاء" کے مطابق لاگو ہوگی۔(جو کہا سٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ https://www.sbp.org.pk/acd/2020/C1.pdf پر دستیاب ہے)

**سوال:** **اس اسکیم کے تحت کتنا قرض لیا جا سکتا ہے؟**

**جواب:** اس اسکیم کے تحت حاصل کیے جانے والے قرض درج ذیل درجات میں تقسیم کیا گیا ہے۔

**درجہ دوم** (Tier 2): 5 لاکھ روپے سے زائد 15 لاکھ روپے تک۔

**درجہ سوم** (Tier 3): 15 لاکھ روپے سے زائد 75 لاکھ روپے تک۔

**سوال:** **اس اسکیم کے تحت کس قسم کے قرضے حاصل کیے جا سکتے ہیں؟**

**جواب:** ٹرم لون/ ورکنگ کیپیٹل لون بشمول مشینری کی لیز/فنانسنگ اور تجارتی استعمال کے لیے مقامی طور پر تیار کردہ گاڑیاں۔سول ورکس کے لیے کل فنانسنگ کی حد کا 65% تک فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔زراعت کے لیے پیداواری اور ترقیاتی قرضے اہل ہیں۔

سوال: کیا اس سکیم کے تحت ایک سے زیادہ **کمرشل گاڑیوں** کی مالی امداد کی جا سکتی ہے؟

جواب: صرف ایک گاڑی فی قرض خواہ کی اجازت ہے۔ فوڈ فرنچائزاور ڈسٹری بیوشن کے کاروبار میں قرض لینے والا ایک سے زیادہ گاڑیوں کے لیے فنانسنگ حاصل کرسکتا ہے۔ وہ گاڑیاں جن کی فنانسنگ درجہ دوم اور درجہ سوم ہوگی وہ بطور کولیٹرل استعمال ہوں گی۔

سوال: **قرض کی مدت** کیا ہوگی؟

جواب: Tier2 اور Tier 3: طویل مدتی/ترقیاتی قرضوں کے لیے زیادہ سے زیادہ 8 سال تک، ایک سال کی اضافی رعایتی مدت کے ساتھ۔ (کیس ٹو کیس کی بنیاد پر بینکوں کی پالیسی سے مشروط) T2 اور T3 کے تحت ورکنگ کیپیٹل/پیداواری قرضوں کے لیے، مدت 5 سال تک ہوگی۔

سوال: نئے کاروبار کے لیے **صارف کی سرمایہ کاری** کا تناسب کیا ہے؟

جواب: نئے کاروبار کے لیے:

**درجہ دوم**- 10 :90

**درجہ سوم**- 20:80

سوال: موجودہ کاروبار کے لیے **صارف کی سرمایہ کاری** کا تناسب کیا ہے؟

جواب: تمام درجوں کے لیے صفر۔

سوال: **قرض لینے والے کی سرمایہ کاری کی شراکت** کس شکل میں درکار ہوگی؟

جواب: قرض لینے والے کا ایکویٹی کا حصہ نقد یا غیر منقولہ جائیداد کی شکل میں ہوگا اور قرض کی منظوری کے بعد اس کی ضرورت ہوگی۔

سوال: **مارک اپ کی شرح** کیا ہے؟

جواب: **درجہ دوم کے لیے مارک اپ کی شرح: 5%۔**

**درجہ سوم کے لیے مارک اپ کی شرح: 7%۔**

سوال: **درجہ دوم کے قرض** کے لیے کس **قسم کی سیکیورٹی** درکار ہے؟

جواب: درجہ دوم ایک کلین لون ہے۔ یہ صرف قرض لینے والے کی ذاتی ضمانت سے محفوظ ہے۔

سوال: **درجہ سوم کے قرض** کے لیے کس **قسم کی سیکیورٹی** درکار ہے؟

جواب: بینکوں کی پالیسی کے مطابق۔

سوال: **قرضوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد** کتنی ہے جو ایک صارف حاصل کرسکتا ہے؟

جواب: ایک صارف زیادہ سے زیادہ دو قرض (بشمول ایک طویل مدتی اور ایک مختصر مدت کا قرض) حاصل کرسکتا ہے جو کہ قرض کی مجموعی مالیاتی حد 75 لاکھ روپے تک ہوں۔

سوال: **زرعی قرضوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد** کتنی ہے جس سے ایک صارف فائدہ اٹھا سکتا ہے؟

جواب: زرعی صارفین قرض کی مجموعی حد 75 لاکھ روپے تک ایک پیداواری قرض اور ایک ترقیاتی قرض حاصل کر سکتے ہیں۔

سوال: کون سے **اقتصادی شعبے اور مصنوعات** اس پروگرام کے لیے اہل ہیں؟

جواب: تمام شعبے اور مصنوعات۔ مزید برآں، زراعت کے معاملے میں، تمام فصلی اور غیر فصلی شعبے (بشمول فصل کی پیداوار، مویشی، پولٹری، ماہی پروری، ڈیری وغیرہ) بھی اہل ہیں۔

سوال: **درخواست فارم** کیسے پُر کیا جائے؟

جواب: درخواست فارم نامزد آن لائن پورٹل https://pmyp.gov.pk/ کے ذریعے پُر کیا جائے گا۔

سوال: کیا **پیشگی ادائیگی** کے کوئی چارجز ہیں؟

جواب: جی نہیں، پیشگی ادائیگی کے کوئی چارجز نہیں ہیں۔

سوال: اس قرض کو حاصل کرنے کے لیے مجھے کیا **پروسیسنگ فیس** ادا کرنی ہوگی؟

جواب: صارف کو ایک بار فارم پروسسنگ فیس مبلغ -/100 روپے ناقابل واپسی بشمول نادرا آن لائن تصدیقی فیس ادا کرنا ہوگی۔

سوال: اس قرض کو حاصل کرنے کے لیے مجھے کون سے **دوسرے چارجز** ادا کرنے ہوں گے؟

جواب: صارف کو BOP ویب سائٹ پر درج چارجز کے شیڈول کے مطابق دیگر چارجز ادا کرنے ہوں گے۔

سوال: کیا بی او پی کے ذریعے قرض کے لیے **درخواست مسترد/رد** کی جاسکتی ہے؟

جواب: ہاں، اگر قرض خواہ اہلیت کے معیار کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پایا جاتا ہے، ECIB میں کوئی زائدالمیعاد/ رائٹ آف، اگر ڈی بی آر ریشو زیادہ لیوریج کی وجہ سے خراب ہورہا ہے یا صارف دیے گئے وقت کے اندر ادائیگی سے پہلے کی رسمی کارروائیوں کو شروع کرنے میں ناکام رہتا ہے تو درخواست کو مسترد کی جاسکتی ہے۔

سوال: قرض کی **ادائیگی کی فریکوئنسی** کتنی ہے؟

جواب: تعدد ماہانہ، سہ ماہی اور ششماہی ہوسکتی ہے۔

سوال: **ماہانہ ادائیگی** کی آخری تاریخ کیا ہے؟

جواب: ادائیگی ہر مہینے کی یکم تاریخ کو ہوتی ہے۔

سوال: کیا ماہانہ قسط جمع کرنے میں تاخیر کی صورت میں **کوئی لیٹ ادائیگی چارجز** ہیں؟

جواب: مقررہ تاریخ سے اصل ادائیگی کی تاریخ تک ماہانہ قسط کے طور پر واجب الاداصل رقم پر 1 روپیہ فی 1000 روپے یومیہ کے حساب سے۔

سوال: کسی بھی **سوال کی صورت** میں صارف کو کس سے رابطہ کرنا چاہیے؟

جواب: عام سوالات/ شکایات کے لیے BOP کال سینٹر 200-267-111 پر رابطہ کریں۔